© rasailojaraid.com



صرف مشورہ دیتی ہے، جبکہ اراکین پارلیمنٹ پہ کوئی پابندی اس کی سفارشات کی منظوری کے ضمن میں نہیں ہے۔

کیا ذیلی قانون بنے گا، اس کا فیصلہ تو پارلیمنٹ کے ممبران ہی کریں گے۔ جن میں سے بہت کم کتاب وسنت کا علم رکھنے والے ہوتے ہیں اور جو اپنے فیصلوں میں سیاسی مفادات سے متاثر ہوتے ہیں۔ لادینی سیاست تو اقتداری سیاست ہے اور اس کا ہر عمل اقتدار کے تحفظ کو مدّنظر رکھتا ہے، جتنا عرصہ مارشل لار موجود ہے، نظریاتی کونسل کی سفارشات کو پوری وقعت دی جائے گی لیکن مارشل لار کے دور کے بعد کیا اس کی حیثیت سابقہ کونسلوں جیسی نہ ہو گی؟ سوائے اس کے کہ حکومت کا نقطۂ نظر ہی بدل جائے اور حکومت اسلامی نظام کو فی الواقع قبول کرے۔

مندرجہ بالا بحث کا نتیجہ یہ ہے کہ اسلامی نظام کے فوری نفاذ میں دراصل کوئی رکاوٹ موجود نہیں ہے اور اگر اس وقت کے حالات سے فائدہ نہ اٹھایا گیا اور کتاب وسنت کے فوری نفاذ کا اعلان نہ کیا گیا تو اس سے ملک کو بہت نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔

## ضروری گذارش

گذشتہ شمارہ میں محدث، کی باقاعدگی کے اعلان کے مطابق چند ایام کے بعد ہی آٹھویں جلد کا پہلا شمارہ محرم الحرام ۱۳۹۸ھ بھی قارئین کے سامنے ہے۔ ہمارا عزم ہے کہ آئندہ قارئین کو بے قاعدگی یا تاخیر کی شکایت کبھی نہ ہو۔ ان شاء اللہ!

اپنی انتظامی الجھنوں کی دوری کے سلسلہ میں ایک ضروری گذارش قارئین کی خدمت میں بھی ہے:

محدث" کی اشاعت میں بے قاعدگی کے احساس کے تحت ہماری طرف سے کافی عرصہ سے سالانہ زرتعاون کی ادائیگی کا مطالبہ نہیں کیا گیا۔ جن معاونین نے از خود اس کا احساس کیا ہے، ہم ان کے بے حد شکرگزار ہیں، بہرحال جن احباب نے زرتعاون ادا نہیں کیا ان کو بھی پرچہ کی ترسیل برابر جاری رہی الّا یہ کہ کوئی صاحب نقل مکانی کر گئے ہوں جس کی وجہ سے ان کے نام روانہ کیا جانے والا پرچہ واپس آگیا ہو تو آئندہ اس پتہ پر محدث" ارسال نہیں کیا گیا۔ چنانچہ اس وقت صورتِ حال یہ ہے کہ بہت سے احباب کے ذمہ سالانہ زرتعاون واجب الادا ہے۔ ان احباب کی خدمت میں گذارش ہے کہ اپنا سالانہ زرتعاون بیس یوم کے اندر اندر بذریعہ منی آرڈر روانہ فرمادیں یا پھر آئندہ شمارہ بذریعہ وی پی پی وصول کرنے کے لئے تیار رہیں۔ بطور اطلاع ان کے نام آنے والے پرچہ پر "آپ کا چندہ ختم ہے" کی مہر لگا دی گئی ہے — ترسیلِ زر کا پتہ یہ ہے؛ مدیر اعلیٰ ماہنامہ محدث، ۱۰۰۔ جے ماڈل ٹاؤن۔ لاہور —— انتظامی امور کیلئے خط وکتابت اس پتہ پر کریں: دفتر ماہنامہ محدث، بالائی منزل "میسرز حافظ عبدالوحید اینڈ برادرز" رحمان گلی ۲ نشتر روڈ۔ لاہور۔

— خط وکتابت کرتے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیں ورنہ تعمیل نہ ہو سکے گی۔ والسلام! (ادارہ) —



© rasailojaraid.com